ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (26)

11-01-2023

## بہاول پور() پولیس کی گذشتہ ماہ دسمبر کی کارکردگی رپورٹ جاری، 420 مجرمان اشتہاری و 53 عدالتی مفروران اور 621 ٹارگٹ اوفینڈر سمیت 1531 ملزمان گرفتار، جن سے لاکھوں روپے مال مسروقہ کے علاوہ 02 کروڑ 96 لاکھ 12 ہزار روپے سے زائد نقدی برآمد ہوئی، شہریوں کا پولیس سے تعاون/ اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی ہوسکتی ہے، شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں، پولیس ہرصورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی، ڈی پی او عبادت نثار

تفصیلات کے مطابق بہاول پور پولیس نے گذشتہ ماہ دسمبر 2022 کے مہینہ میں 973 مقدمات درج رجسٹر کیے، جن میں سے 19 مقدمات جھوٹے ہونے کی بناء پر خارج ہو چکے ہیں، گینگز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 01 گینگز کو ٹریس اور ان میں ملوث 03 ملزمان کو گرفتار کیا، جن سے 16 نئے اور پرانے مقدمات ٹریس آوٹ اور ناجائز اسلحہ برآمد کرنے علاوہ -/29612318 روپے سے زائد کا مال مسروقہ برآمد ہوا۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاوٴن کرتے ہوئے **98** مقدمات درج اور 98 ملزمان کو گرفتار کر کے اُن کے قبضہ سے 03 عدد رائفل، 04 عدد کلاشنکوف، 04 ریپٹر، 01 عدد کاربین، 05 بندوق 76 پسٹل اور 09 ریوالور برآمد ہوئے۔ منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 208 مقدمات درج کر کے ان میں ملوث 208 ملزمان کو گرفتار کر کے اُن کے قبضہ سے 94 کلو 040 گرام چرس، 535 گرام آئس، 08 کلو 400 گرام افیون، 01 کلو 200 گرام بھنگ، 8271 لیٹر شراب، 2794 لیٹر لہن اور 29 چالو بھٹیاں شراب قبضہ پولیس میں لی گئیں۔ قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 24 مقدمات درج کر کے 78 جواریوں کو گرفتار کر کے داوٴ پر لگی رقوم اور جوئے کا سامان برآمد کیا۔ نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے ساوٴنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 26، عارضی رہائش کے 01، بجلی چوری کے 17، گیس ری فلنگ کے 06 ملزمان کو گرفتار کر کے پیش عدالت کیا جا چکا ہے۔ مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاوٴن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے "A" کیٹگری کے 28 اور "B" کے 392 سمیت 420 مجرمان اشتہاری کے علاوہ کیٹگری "B" کے 53 عدالتی مفروران اور کیٹگری کے 200 اور "B" کے 421 سمیت 621 ٹارگٹ اوفینڈر کو بھی کو گرفتار کر کے چالان عدالت کیا، ڈی پی او عبادت نثار نے ماہ دسمبر 2022 کی کارگزاری کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کا پولیس سے تعاون/ اطلاع دینے پر مزید جرائم پیشہ عناصر کو قابو کرنے سے جرائم میں کمی ہوسکتی ہے، شہری معاشرتی امن کی راہ میں رکاوٹ بننے والوں کی نشاندہی کریں پولیس ہرصورت ایسے عناصر کو جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچائے گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: پولیس کی گذشتہ ماہ دسمبر کی کارکردگی رپورٹ جاری، 420 مجرمان اشتہاری و 53 عدالتی مفروران اور 621 ٹارگٹ اوفینڈر سمیت 1531 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (27)

11-01-2023

## بہاولپور: ڈی پی او عبادت نثار نے ضلع بھر میں بینکوں اور مالیاتی اداروں کا سیکیورٹی آڈٹ کرنے کا حکم دے دیا، بینکوں اور مالیاتی اداروں کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کرنے کی ہدایات جاری، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز بینکوں اور مالیاتی اداروں کی سیکیورٹی روزانہ چیک کریں، سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب سمیت سیکیورٹی کے تمام متعین ایس او پیز پر عمل کروائیں، ڈی پی او۔

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو بینکوں و مالیاتی اداروں کے سیکیورٹی آڈٹ کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی جگہ پر چھینا جھپٹی اور ڈکیتی کی واردات معاشرتی امن کو عدم توازن کا شکار کر دیتی ہے تاہم خدانخواستہ اگر یہ واردات بینکوں یا مالیاتی اداروں میں ہو جائے تو اس سے معاشرتی امن بگڑ جاتا ہے، پولیس کی ذمہ داری ہے کہ وہ بینکوں اور مالیاتی اداروں کو فول پروف سیکیورٹی مہیا کرے، ایس ڈی پی اوز سرکل اور ایس ایچ اوز تھانے کی حدود میں واقع بینکوں اور مالیاتی اداروں کے سیکیورٹی انتظامات کو روانہ چیک کریں، بینکوں کے ارد گرد منڈلانے والے مشکوک اور مشتبہ افراد پر کڑی نظر رکھی جائے کیوں کہ اسی نوعیت کے عناصر ہی وارداتیں کرتے ہیں یا وارداتوں میں سہولت کاری کرتے ہیں۔ ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ بینکوں کی اے ٹی ایم مشینز کی سیکیورٹی کے حوالے سے بھی موثر انتظامات ہوں، پولیس بینک کی مقامی انتظامیہ سے مل کر اس بات کو یقینی بنائے کہ سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب اور بینک گارڈ کے پاس میٹل ڈیٹیکٹر سمیت سیکیورٹی کے وہ تمام ایس او پیز گراس روٹ لیول تک مکمل ہوں جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے جاری کرتے ہوئے متعین کیے ہیں، ڈی پی او عبادت نثار نے کہا کہ ایس ڈی پی اوز مجھے روزانہ کی بنیاد پر بینکوں کی سیکورٹی چیکنگ کے حوالے سے آگاہ کرتے رہیں گے اس حوالے سے کسی قسم کی غفلت، لاپرواہی ہرگز نہ برداشت کی جائے گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈی پی او عبادت نثار نے ضلع کے تمام تجارتی مراکز اور بڑی چھوٹی مارکیٹوں کی فول پروف سیکیورٹی کے احکامات جاری